Ghazal by Murtaza Birlas

Wo jo ramuz-e-ishq hai, kon samajh saka, ke yun
    Nakhun-e-uql say kabhi uqda nahin khhula, ke yun

Maana ke muslehat thhee kuchh tum nay ugur kaha, ke yun
    Waqt karay ga faisla yun durust thha, ke yun

Upnee khata hai bus yehi, hum nay munafqat na ki
    Jo bhee humaray dil thha keh diya burmala, ke yun

Tu ne to loh-e-fikr say mazee khurach diya tamaam
    Main bhee tujhay bhula sakoon, koi amal bata, ke yun

Main ne kaha ke bin tere kaisay katay gee zindagi
    Jultay huway chiragh ko usnay bujha diya, ke yun

Pursish-e-hal-e-dil pe jab hum na jawab de sakay
    Chehra zabaan ban gaya, sab ne samajh liya, ke yun

Tum pe kiya jo aitmad upna yehi qasoor thha
    Is say ziyada aur ab tum se kahain to kya, ke yun

Sharh-e-nishat-e-wasl pe donon ka khul gaya bharam
    Main ne usay kaha ke yun, us ne mujhay kaha ke yun

Pehlay na hum samajh sakay, log banay thhay dost kyon
    Waqt wo jab guzar gaya, phir ye pata chala, ke yun

Jaanna chahtay thhay hum, logon ki wajh-e-be-hisee
    Khud hee jawab mil gaya, dekha jo aa'ina, ke yun

Zo'm-e-khudaee thha jinhain, un ko kiya thha gharq-e-aab
    Aaj ke zalimon ka bhee hashar hamain dikha, ke yun

Murtaza Birlas
(Girah-e-Neembaaz)

◉

وہ جو رموزِ عشق ہیں، کون سمجھ سکا، کہ یوں
ناخنِ عقل سے کبھی عقدہ نہیں کھلا، کہ یوں

مانا کہ مصلحت تھی کچھ تم نے اگر کہا، کہ یوں
وقت کرے گا فیصلہ یوں تھا درست یا کہ یوں

اپنی خطا ہے بس یہی، ہم نے منافقت نہ کی
جو بھی ہمارے دل میں تھا کہہ دیا برملا، کہ یوں

تو نے تو لوحِ فکر سے ماضی کھرچ دیا تمام
میں بھی تجھے بھلا سکوں، کوئی عمل بتا، کہ یوں

میں نے کہا کہ بن ترے کیسے کٹے گی زندگی
جلتے ہوئے چراغ کو اس نے بجھا دیا کہ یوں

پرسشِ حالِ دل پہ جب ہم نہ جواب دے سکے
چہرہ زبان بن گیا، سب نے سمجھ لیا، کہ یوں

تم پہ کیا جو اعتماد اپنا یہی قصور تھا
اس سے زیادہ اور اب تم سے کہیں تو کیا، کہ یوں

شرحِ نشاطِ وصل پہ دونوں کا کھل گیا بھرم
میں نے اسے کہا کہ یوں، اس نے مجھے کہا کہ یوں

پہلے نہ ہم سمجھ سکے، لوگ بنے تھے دوست کیوں
وقت وہ جب گزر گیا، پھر یہ پتہ چلا، کہ یوں

جاننا چاہتے تھے ہم، لوگوں کی وجۂ بے حسی
خود ہی جواب مل گیا، دیکھا جو آئینہ، کہ یوں

زعمِ خدائی تھا جنھیں، ان کو کیا تھا غرقِ آب
آج کے ظالموں کا بھی حشر ہمیں دکھا، کہ یوں


گرہِ نیم باز
مرتضیٰ برلاس